اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے آسان کر دیا ہے،
پھر کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ (القرآن)

ترجمان القرآن

برصغیر کی بلند پایہ تفسیر ترجمان القرآن سے ماخذ قرآن حکیم کا مبسوط ترجمہ

مترجم
امام الہند مولانا ابوالکلام آزادؒ

ترتیب وتدوین
ابوالفضل نور احمد

ناشر
حکمتِ قرآن اِنسٹیٹیوٹ

سورۃ فاتحہ مکی ہے اور یہ سات آیات ہیں

آیاتها ۷ (۱) سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ (۵) رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱﴾

(۱) ہر طرح کی ستائشیں اللہ ہی کی لیے ہیں جو تمام کائنات خلقت کا پروردگار ہے۔

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿۲﴾

(۲) جو رحمت والا ہے اور جس کی رحمت تمام مخلوقات کو اپنی بخششوں سے مالا مال کر رہی ہے۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۭ﴿۳﴾

(۳) جو اس دن کا مالک ہے جس دن کاموں کا بدلہ لوگوں کے حصہ میں آئے گا۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ﴿۴﴾

(۴) (خدایا!) ہم صرف تیری ہی بندگی کرتے ہیں اور صرف تو ہی ہے جس سے (اپنی ساری احتیاجوں میں) مدد مانگتے ہیں۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۵﴾

(۵) (خدایا!) ہم پر (سعادت کی) سیدھی راہ کھول دے۔

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ڏ

(۶) وہ جو ان لوگوں کی راہ ہوئی جن پر تو نے انعام کیا۔

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّاۗلِّيْنَ ۧ﴿۷﴾

(۷) ان کی نہیں جو پھٹکارے گئے اور نہ ان کی جو راہ سے بھٹک گئے۔

منزل ۱

ع ۷